PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: QAID/PEF/2023/191 تاریخ: 04 ستمبر 2023

محترم سکول مالک (FAS,EVS, NSP)

عنوان: آن لائن TDP ٹریننگز 2023-24 میں اساتذہ کی یقینی شمولیت

السلام علیکم!

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن پارٹنر سکولز کی مالی معاونت کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم کیلئے تکنیکی رہنمائی بھی فراہم کرتا ہے۔اس ضمن میں QAI ڈیپارٹمنٹ پارٹنر سکولز کیلئے اساتذہ کی تربیت کا اہتمام کرتا ہے۔ تربیتِ اساتذہ کا بنیادی مقصد پارٹنر سکولز میں معیاری تعلیم اور QAT میں بہتر نتائج کا حصول ہے۔

گزشتہ تعلیمی سال میں تجرباتی بنیادوں پر آن لائن تربیتِ اساتذہ کے کامیاب انعقاد کے بعد سال 24-2023 سے آن لائن ٹریننگز کی تعداد بڑھا دی گئی ہے اس کے نتیجے میں تمام پارٹنر سکولز کے اساتذہ کو دوران سال تربیتی سیشنز میں شمولیت کا موقع ملے گا۔مزید برآں سبجیکٹ بیسڈ تربیت کے حوالہ سے پارٹنرز کے انتہائی مثبت ردِ عمل کے نتیجے میں اس سال بھی سبجیکٹ بیسڈ تربیتِ اساتذہ جاری رکھی گئی ہے۔ اس سلسلے میں بحوالہ سرکلر نمبر QAID/PEF/2023/3614 بتاریخ 8 جون 2023 اور سرکلر نمبر QAID/PEF/2023/16 بتاریخ 17 جولائی 2023 پارٹنرز سکولز کو آن لائن TDP ٹریننگز 24-2023 کے بارے میں آگاہ کیا گیا تھا۔ دوران ٹریننگ 24-2023 یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ کچھ سکول منعقد کردہ آن لائن ٹریننگز میں شرکت نہیں کر رہے۔ آپ کو دوبارہ آگاہ کیا جاتا ہے کہ اساتذہ کی ٹریننگز میں شمولیت ضروری ہے تاکہ آپ کے سکول کے QAT کے نتائج بہتر ہو سکیں اور تربیت یافتہ اساتذہ کے ذریعے حاصل شدہ معلومات اور مہارتوں کا سکول میں عملی نفاذ ہو سکے۔ نامزد اساتذہ مائیکروسافٹ ٹیمز کے ذریعے کی جانے والی ٹریننگ میں مسلسل حاضر رہیں اور ٹیچرز اپنے تجربات کی روشنی میں دوسرے ٹیچرز کو مستفید کریں۔ دوران ٹریننگ شرکاء اپنے کیمرے آن رکھیں تاکہ ٹریننگ سیشن میں ٹرینر اور ٹیچرز کے درمیان باہمی ربط رہے اور اساتذہ ٹریننگ سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکیں۔ سکول مالکان سے گزارش ہے کہ آپ اپنے Whats App نمبر PEF ماسٹر ٹرینر کو دیں تاکہ آپ سے بروقت اور بہتر طریقے سے رابطہ ہو سکے۔

وہ سکول پارٹنرز جن کے اساتذہ کرام منعقدہ ٹریننگ پروگرام میں شمولیت اختیار نہیں کرتے ان کے خلاف پیف ضابطے کے مطابق تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ لہٰذا آپ سب معزز پارٹنرز سے التماس ہے کہ اس آن لائن TDP ٹریننگ کا بھرپور فائدہ اُٹھائیں اور اپنے اساتذہ کی ٹریننگ میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (QAID)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 3, Main Road, Near Car Chowk,
Phase 6 Gulraiz Colony Rawalpindi
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
25/G, Shah Rukne Alam Colony,
Multan. Ph: 061-6780043